77

کتاب نما

تفہیم الاحادیث' جلد چہارم۔ سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ' جمع و ترتیب اور تخریج: عبدالوکیل علوی۔ ناشر: ادارہ معارف اسلامی' منصورہ' لاہور۔ صفحات: ۵۱۸۔ قیمت: ۳۰۰ روپے۔

تفہیم الاحادیث کے پہلے تین حصوں پر انھی صفحات میں تبصرہ آچکا ہے۔ (دیکھیے ترجمان القرآن' مئی ۹۸)۔ اب اس کا چوتھا حصہ شائع ہوا ہے۔ ذخیرۂ حدیث نبویؐ پر فاضل مرتب عبدالوکیل علوی صاحب گہری نظر رکھتے ہیں۔ انھوں نے مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ کی تمام تصانیف' بطور خاص "تفہیم القرآن" کا بہ نظر غائر مطالعہ کر کے' مولانا مرحوم کے ہاں مذکور و منقول جملہ احادیث جمع کیں' بعض جزوی متون کو مکمل کیا اور ان کے اردو ترجمے بھی کیے۔ احادیث کی تلاش' بعض متون کی تکمیل اور ان کے ترجمے کے ساتھ ساتھ فاضل مرتب نے ان کی اسناد بھی تلاش کیں' اور محدثین کی آرا کی روشنی میں ہر حدیث کا مرتبہ اور مقام بھی متعین کیا۔

زیر نظر حصہ روزہ اور حج سے متعلق احادیث پر مشتمل ہے۔ مرتب نے ہر موضوع پر احادیث کی اتنی تفصیل مہیا کی ہے کہ صرف روزے کے متعلقات (ماہ صیام کی فضیلت' رویت ہلال' سحر و افطار' روزے کے عمومی مسائل' مسافر کا روزہ' روزوں کی قضا' نفلی روزے' رمضان میں قیام لیل' لیلۃ القدر' اعتکاف) کا بیان ساڑھے تین سو صفحات پر پھیل گیا ہے۔ اسی طرح حج سے متعلق امور (فریضہ حج کی اہمیت' مناسک حج' قربانی کے احکام' خطبہ حجۃ الوداع' حج اور عمرہ کی دعائیں) کا ذکر ڈیڑھ سو سے زائد صفحات پر محیط ہے۔ ان موضوعات پر یہ' آپؐ کی ہدایات اور فرمودات کا نہایت مفید مجموعہ ہے' جسے مرتب نے بڑی تحقیق اور محنت سے ترتیب دیا ہے اور ہر حدیث کے ساتھ اس کی صحت و سند سے متعلق وضاحت بھی موجود ہے۔ امید ہے کہ سابقہ تین حصوں کی طرح اس حصے کو بھی قارئین' استفادہ و رہنمائی کے لیے سودمند اور معاون پائیں گے۔ دیباچے میں بتایا گیا ہے کہ مزید چار جلدیں زیر ترتیب و تدوین ہیں جو معاشیات' سیاسیات' نظم جماعت' معاشرت' اخلاقیات و آداب اور ادعیہ ماثورہ پر مشتمل ہوں گی۔ خدا کرے یہ سب جلد شائع ہوں۔ (رفیع الدین ہاشمی)